**توجہ دلاو نوٹس**

ایوان کی توجہ ایک نہایت اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ بورڈ بازار پشاور میں 90 فیصد سے زیادہ پختون خواتین خریداری کی غرض سے آتی ہیں۔ جبکہ بورڈ بازار میں زیادہ تر دکانداروں نے اپنی حدود سے تجاوز کرتے ہوئے دکانیں باہر تک پھیلا رکھی ہیں، جس کی وجہ سے خواتین کے لیے گزرنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ خاص طور پر بورڈ بازار میں واقع اقبال مارکیٹ، عدنان مارکیٹ اور پیرانو مارکیٹ میں معزز خواتین رنگائی، پیکو، کاسمیٹکس، کپڑے اور چوڑیاں خریدنے کے لیے آتی ہیں، وہاں پورے راستے میں رنگ کے ڈبے، بالٹیاں، پانی گرم کرنے کے لیے گیس سلنڈر، پیکو مشینیں، جنریٹر اور جیولری کے ٹیبل رکھے گئے ہیں، جو کہ نہ صرف تجاوزات کے زمرے میں آتے ہیں، بلکہ گیس سلنڈروں سے آگ لگنے کا خطرہ بھی ہے۔ اور اگر خدانخواستہ ان تنگ گلیوں میں اگر ایک بار آگ لگ گئی تو فائر بریگیڈ گاڑیوں کا ان تنگ گلیوں میں آگ بجھانا انتہائی مشکل ہو گا اور کافی تباہی پھیلے گی۔ جبکہ متعلقہ محکمہ خواب غفلت سوئی ہوئی ہے۔ لہٰذا ان کے خلاف کارروائی کرکے ایوان کو آگاہ کیا جائے۔

1 AMINA SARDAR

2 FAIZA MALIK

3 Shazia Tehmas Khan

9K
244
06:05
12-5-2026